(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

الْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِي وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ۔ لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظة

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چوہدری

ہدیہ .... =/200 روپے

وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰی. (سورہ طٰہٰ: آیت ۸۲)

"بے شک میں بخشنے والا ہوں اس کو جو توبہ کرے، اور نیک اعمال بجالائے پھر
راہ ہدایت پر چلے"

کے بارے میں فرمایا ہے:

اس سے مقصود یہ ہے کہ وہ ہم اہل بیتؑ کا راستہ تلاش کرے اور ہدایت یافتہ ہو جائے۔" (تاویل الآیات: ۱/۳۱۶ حدیث ۱۱، بحار الانوار: ۲۴/۱۴۸ حدیث ۲۶، تفسیر برہان: ۳/۴۰ حدیث ۵)

خدا کی رسی آل محمدؐ ہیں

(۱۵/۳۶۵) شیخ طوسیؒ کتاب امالی میں خیثمہ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے: میں نے امام باقرؑ سے سنا کہ آپ نے فرمایا:

نحن جنب الله ونحن صفوة الله ونحن خيرة الله ونحن مستودع مواريث الانبياء ونحن امناء الله عزوجل ونحن حجج الله ونحن حبل الله ونحن رحمة الله على خلقه.

"ہم خدا کی جنب یعنی طرف ہیں ہم خدا کی طرف سے خالص کیے ہوئے اور چنے ہوئے ہیں ہم وہ ہیں جن کے پاس میراث انبیاء بطور امانت رکھی ہوئی ہے ہم ہیں خدا کے امانتدار اور ہم ہیں اس کی حجت، ہم ہیں خدا کی رسی ہم ہیں خدا کی رحمت اس کی مخلوق پر"

ہم وہ ہیں جن کے وجود سے خدا نے اپنی مخلوق کا آغاز کیا اور ہمارے وجود سے اس کو ختم کرے گا ہم ہیں ہدایت کے راہنما، اور تاریکیوں میں اس کے روشن چراغ اور نور ہدایت کے چمکنے کا مقام۔ ہم وہ پرچم اور نشانیاں ہیں جو دنیا والوں کے لیے لگائی گئی ہیں، ہم ہیں وہ سابقون (جن کا قرآن میں تذکرہ ہے) اور ہم ہی ہیں وہ جنھوں نے سب پر از لحاظ رتبہ و مرتبہ فضیلت پائی ہے اور ہم آخرین ہیں جو زمانے کے لحاظ سے دوسروں کے بعد آئے ہیں"

جس نے بھی ہمارے دامن کو پکڑ لیا وہ ہمارے ساتھ ملحق ہوگا اور نجات پا جائے گا، اور جو ہم سے پیچھے رہ گیا اور ہمارے ساتھ نہ چلا وہ اپنے غرور اور جہالت کے سمندر میں غرق ہو جائے گا۔ ہم سفید چہروں والوں کے رہبر و راہنما ہیں۔ ہم خدا کے حریم اور اس کی حمایت میں ہیں۔ ہم خدا کی طرف جانے والا روشن اور سیدھا راستہ ہیں، ہم ہیں بندوں پر خدا کی نعمتیں اور اس کا روشن راستہ، شریعت نبوی کا چراغ ہم ہیں، رسالت کا ٹھکانا یعنی ہم رسولؐ خدا کے حقائق اور راز ہیں۔

ہم دین کی اصل اور بنیاد ہیں، فرشتے ہمارے ساتھ آتے جاتے ہیں۔ جو نور کے طالب ہیں ہم ان کے لئے نور پھیلاتے ہیں۔ جو پیروی کرتے ہیں ہم ان کے لئے راہ نجات ہیں۔ ہم لوگوں کو جنت کی طرف راہنمائی کرتے ہیں۔ ہم اسلام کے سپہ سالار، اس کی مضبوط سند اور اس کی عزت و آبرو کا سبب ہیں، ہم اس پل کی طرح ہیں کہ جو بھی اس سے عبور کر گیا (یعنی ہمارے احکام کی پیروی کی اور ہمارے ساتھ رہا) وہ اپنے راستے پر چلتا رہے گا اور اپنے مقصد تک پہنچ جائے گا اور جو بھی پیچھے رہ گیا اور کوئی دوسرا راستہ اختیار کر لیا تو وہ ہلاک ہو جائے گا، ہم ہیں بلند چوٹی اور عظمت کی انتہا، ہم ہیں جن کے واسطے سے خدا اپنی رحمت نازل کرتا، اور بارش برساتا ہے، ہم ہی ہیں جن کے واسطے سے خدا تم سے عذاب دور کرے گا۔

فَمَنْ اَبْصَرَنَا وَعَرَفَنَا وَعَرَفَ حَقَّنَا وَاَخَذَ بِاَمْرِنَا فَهُوَ مِنَّا وَاِلَيْنَا

"جس نے بھی ہمارے متعلق آگاہی حاصل کر لی اور ہمیں اور ہمارے حق کو پہچان لیا اور ہمارے فرمان کی اطاعت کی، وہ ہم میں سے ہے اور اس کا انجام ہماری طرف ہے" (امالی طوسی: [illegible])

قبر میں آلِ محمدؐ کی دوستی سے روشنی

(۱۶/۳۶۲) علامہ مجلسیؒ کتاب بحار الانوار میں کتاب محاسن برقی سے ابو بصیر کی امام باقرؑ یا امام صادقؑ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

اذا مات العبد المومن دخل معه في قبره ستة صور فيهن صورة هي